Visit of Minister of State for External Affairs, Shri V. Muraleedharan to UAE (January 19-21, 2023)

January 18, 2023

مملکتی وزیر خارجہ جناب وی مرلی دھرن کا (جنوری 19-21، 2023) کو یو اے ای کا دورہ

جنوری 18، 2023

مملکتی وزیر خارجہ اور پارلیمانی امور کے وزیر جناب مرلی دھرن 19-21 جنوری 2023 کو یواے ای کے دورے پر ہوں گے۔ مملکتی وزیر خارجہ اس دورے کے دوران یو اے ای کے وزراء اور ابوظہبی، دبئی اور متحدہ عرب امارات میں مقیم ہندوستانی کمیونٹی کے ایک وسیع حلقہ سے ملاقات کریں گے۔ اس میں اس میں ہندوستانی تاجروں، پیشہ ور افراد، اساتذہ اور طلباء کے ساتھ مصروفیات شامل ہوں گی۔ مملکتی وزیر متحدہ عرب امارات میں ہندوستانی نیلی پوش مزدورں اور سماجی رہنماؤں سے بھی بات چیت کریں گے۔

ہندوستان اور متحدہ عرب امارات نے اپنی جامع سٹریٹجک شراکت داری کی روح میں قریبی تال میل برقرار رکھا ہے۔ یہ برس ہندوستان اور متحدہ عرب امارات دونوں کے لیے خاص ہوگا کیونکہ دونوں ممالک جی20 اور COP28 کی اپنی اپنی صدارتوں کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر اٹھائے ہوئے ہیں۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دسمبر 2022 میں متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا تھا جبکہ متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زید النہیان نومبر 2022 میں ہندوستان کے دورے پر تشریف لائے تھے۔ متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ نے 13 جنوری 2023 کو ہندوستان کی میزبانی میں وائس آف گلوبل ساؤتھ سمٹ کے جی 20 سے متعلق اجلاس میں بھی شریک ہوئے تھے۔

نئی دہلی
جنوری 18، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.